महाराष्ट्र शासन
शालेय शिक्षण व क्रीडा विभाग
राज्य शैक्षणिक संशोधन व प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र
७०८ सदाशिव पेठ, कुमठेकर मार्ग, पुणे ४११०३०
संपर्क क्रमांक (०२०) २४४७ ६९३८ E-mail: evaluationdept@maa.ac.in

---

# Question Bank

Standard : 12th — جماعت : بارہویں

Medium : Urdu — میڈیم : اردو

Subject: History — مضمون : تاریخ

## March 2021

**ہدایت :**

١۔ یہ سوالات کا بینک صرف طلبہ کے لیے مثالی سوالیہ پرچے حل کرنے کی مشق کے لیے ہی دیے جا رہے ہیں۔

٢۔ اس بات کو ذہن نشین رکھیں کہ بورڈ امتحانات کے سوالیہ پرچوں میں یہی سوالات نہیں آئیں گے۔

# سوالات کا نمونہ QUESTION BANK

# مضمون: تاریخ HISTORY

# جماعت: بارھویں XII

**سوال نمبر ۱: (الف) مناسب متبادل کا انتخاب کر کے صحیح جملے دوبارہ لکھیے۔**

۱۔ 1440 میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نے پرنٹنگ پریس کا آغاز کیا۔

(الف) جیمس واٹ (ب) گٹن برگ (ج) ارسطو (د) ہومر

۲۔ 1609 میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نے اصلاح شدہ دوربین بنائی۔

(الف) جان کے (ب) کوپرنکس (ج) گیلیلیو (د) کیپلر

۳۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ وہ پہلا جہاز راں تھا جس نے براعظم افریقہ کے گرد گول بحر چکر لگایا۔

(الف) جہاز راں ہنری (ب) مارکوپولو (ج) بارتھولو میوڈائز (د) کولمبس

۴۔ یروشلم اور بیت المقدس کے حصول کے لیے لڑی گئی متعدد جنگوں کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے یاد کیا جاتا ہے۔

(الف) بازنطینی (ب) عیسائی جنگوں (ج) صلیبی جنگوں (د) عالمی جنگوں

۵۔ آزادی کا اعلان نامہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نے تیار کیا تھا۔

(الف) جارج واشنگٹن (ب) تھامس جیفرسن (ج) لارڈ ایمہرسٹ (د) لارڈ کارنوالس

۶۔ 1900ء میں جزائر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو برطانوی سامراج میں شامل کیا گیا۔

(الف) کینیڈا (ب) امریکہ (ج) تسمانیہ (د) آسٹریلیا

۷۔ 1885ء میں سکم کے راجا نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا علاقہ انگریزوں کے حوالے کر دیا۔

(الف) دارجلنگ (ب) شملہ (ج) مسوری (د) نینی تال

۸۔ لارڈ کرزن کے دور میں برطانوی فوج ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی راج دھانی لہاسہ تک پہنچ گئی تھی۔

(الف) بیجنگ (ب) کھٹمنڈو (ج) بھوٹان (د) تبت

9۔ بیلجیم کے بادشاہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ نے افریقی علاقے کو اپنے قبضے میں کر لیا۔

(الف) قیصر ولیم دوم (ب) بسمارک (ج) لیوپولڈ دوم (د) جارج ہفتم

۱۰۔ واسکوڈ گاما ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بحری جہاز راں تھا۔

(الف) پولینڈ (ب) انگلستان (ج) فرانس (د) پرتگال

۱۱۔ پرتگیزوں کی وسیع و عریض سلطنت کا مرکز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھا۔

(الف) سورت (ب) مسولی پٹنم (ج) گوا (د) عدن

۱۲۔ پرتگیزوں کے ذریعے دیا گیا جہاز رانی کا خصوصی اجازت نامہ کہلاتا ہے۔

(الف) اسٹنوڈ۔ انڈیا (ب) کارٹاز (ج) کیپٹاون جنرال (د) آر سی پیسے

۱۳۔ ڈچوں نے اپنی پہلی فیکٹری ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں قائم کی تھی۔

(الف) مسولی پٹنم (ب) رسولی پٹنم (ج) کسولی پٹنم (د) وجئے نگر

۱۴۔ مراٹھوں نے پرتگیزوں کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے محاصرے میں شکست سے ہمکنار کیا۔

(الف) وینگرولا (ب) فونڈا (ج) سورت (د) راجا پور

۱۵۔ پیشوا باجی راؤ اول کے چماجی اپا نے پرتگیزوں کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے مقام پر شکست دے دی۔

(الف) پنویل (ب) وسئ (ج) تھانہ (د) بھیونڈی

۱۶۔ 1668ء شیواجی مہاراج سے اجازت حاصل کرتے ہوئے فرانسیسیوں نے اپنی تجارتی کوٹھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں قائم کی۔

(الف)راجاپور (ب)وسئ (ج)ناگپور (د)ممبئ

۱۷۔ چھترپتی شیواجی مہاراج کی جشن تاجپوشی کے موقع پر ایک برطانوی نمائندہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دربار میں موجود تھا۔

(الف)کوسمی دی گارڈا (ب)دی بوگنے (ج)ڈیگوڈی میلو (د)ہنری آکزینڈی

۱۸۔ راج رشی شاہو نے کولہاپور ریاست میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سے متعلق قانون بنایا۔

(الف)ذات پات (ب)مفت تعلیم (ج)اندھی تقلید (د)الیکشن

۱۹۔ آریہ سماج نے ویدوں کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا درجہ دیا۔

(الف) ثانوی کتاب (ب)من گھڑت کتاب (ج)مقدس کتاب (د)زبانی کتاب

۲۰۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ علاقے پر ہنساجی نائک کا مکمل دبدبہ قائم تھا۔

(الف)ستارا (ب)ناندیڑ (ج)پونے (د)ناگپور

۲۱۔ انڈین نیشنل کانگریس کے پہلے اجلاس کے صدر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھے۔

(الف)دوار کاناتھ ٹیگور (ب)وومیش چندر بنرجی (ج)پنڈت نہرو (د)دادابھائی نوروجی

۲۲۔ امریکہ نے پہلا ایٹم بم جاپان کے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شہر پر گرایا تھا۔

(الف)ناگاساکی (ب)ہیروشیما (ج)پرل ہاربر (د)اسٹالن گراڈ

۲۳۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صنعتی انقلاب کا جائے پیدائش تھا۔

(الف)انگلستان (ب)روس (ج)جرمنی (د)اٹلی

۲۴۔ پہلی جنگِ عظیم کا آغاز۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو ہوا۔

(الف) ۱۹۰۴ء (ب) ۱۹۱۴ء (ج) ۱۹۳۴ء (د) ۱۹۱۸ء

۲۵۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صلح نامہ کی رو سے جرمنی پر کئی علاقائی اور معاشی پابندیاں عائد کر دی گئیں۔

(الف) کینیا (ب) جینوا (ج) ورسیلز (د) بیلجیم

۲۶۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مجلسِ اقوام کا اہم مرکز تھا۔

(الف) امریکہ (ب) جینوا (ج) جرمنی (د) بوسنیا

۲۷۔ قیصر جرمنی کا تخت چھوڑ کر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ فرار ہونا پڑا۔

(الف) ہالینڈ (ب) مصر (ج) پولینڈ (د) انگلستان

۲۸۔ پہلی جنگ میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ترکی کو شکست ہوئی۔

(الف) امریکہ (ب) فرانس (ج) انگلینڈ (د) جرمنی

۲۹۔ ۱۹۳۵ء میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بھارت سے الگ ہوا تھا۔

(الف) میانمار (ب) سری لنکا (ج) مالدیپ (د) ایران

۳۰۔ افریقہ میں مستقبل نو آبادیات قائم کرنے والی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پہلی یورپی ریاست ہے۔

(الف) اسپین (ب) انگلینڈ (ج) پرتگال (د) سری لنکا

۳۱۔ مغربی تعلیم کی وجہ سے نو آبادیات میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا احساس بیدار ہوا۔

(الف) قوم پرستی (ب) توہم پرستی (ج) کمتری (د) یک جہتی

۳۲۔ براعظم افریقہ کی معدنیات کی معلومات یورپی ممالک کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ صدی میں معلومات حاصل ہوئی۔

(الف) ۲۰/ویں (ب) ۲۱/ویں (ج) ۱۹/ویں (د) ۱۸/ویں

۳۳۔ SEATO کا صدر دفتر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مقام پر واقع ہے۔

(الف) تھائی لینڈ (ب) فلپائن (ج) پاکستان (د) برطانیہ

۳۴۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے سب سے پہلے ’’سرد جنگ‘‘ کی اصطلاح استعمال کی۔

(الف) والٹر لیپ مین (ب) ونسٹن چرچل (ج) اسٹالن (د) آئزن ہاور

۳۵۔ آیت اللہ خمینی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ملک کے اعلیٰ رہنما بن گئے۔

(الف) عراق (ب) ایران (ج) روس (د) ازبکستان

۳۶۔ نیٹو کا صدر دفتر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں ہے۔

(الف) انگلستان (ب) فرانس (ج) پیرس (د) جرمنی

۳۷۔ سویت روس کے سربراہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ زمانے میں سرد جنگ کا آغاز ہوا۔

(الف) لینن (ب) گورباچیوف (ج) اسٹالن (د) ٹراٹسکی

۳۸۔ سوامی وویکانند کی پیدائش کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔

(الف) قومی یومِ تعلیم (ب) قومی یومِ نوجوان (ج) قومی یک جہتی دن (د) قومی سائنس دن

۳۹۔ ۲۰۱۲ء میں مویشیوں کی مردم شماری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پر تھی۔

(الف) بیسویں (ب) اٹھاروے (ج) انیسویں (د) تیسویں

۴۰۔ حق معلومات ایکٹ، قسم کا ایکٹ پہلی مرتبہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں لاگو کیا گیا تھا۔

(الف) سویڈن (ب) مصر (ج) ناگالینڈ (د) انگلستان

۴۱۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ریاست میں مکمل خواندگی کا پہلا ضلع ایرناکولم تھا۔

(الف) گجرات (ب) کیرالہ (ج) کرناٹک (د) تامل ناڈو

۴۲۔ حمید دلوائی ضلع رتنا گری کے دیہات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں پیدا ہوئے۔

(الف) ہرنئے (ب) زامگہ (ج) چپنچولی (د) میر جولی

۴۳۔ مہاتما جیوتی راؤ پھلے کی تنظیم کا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھا۔

(الف) آریہ سماج (ب) ستیہ شودھک سماج (ج) مسلم ستیہ شودھک سماج

(د) برہمو سماج

۴۴۔ مہاراشٹر میں پہلی شب اسکول پونہ میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے شروع کی۔

(الف) جامبھر شاستری (ب) مہاتما جیوتی با پھلے (ج) دیانند سرسوتی (د) راجارام ماہن رائے

**(ب) درج ذیل گروپ میں سے حصہ ب کی غلط جوڑی کو درست کر کے لکھیے۔**

(1)

| گروہ (الف) | گروہ (ب) |
|---|---|
| ۱) جان کے | ۱) فلائنگ شٹل |
| ۲) سیموئیل کرمپٹن | ۲) کاٹن جن |
| ۳) ایڈمنڈ کارٹ رائٹ | ۳) پاور لوم |
| ۴) جیمس واٹ | ۴) بھاپ کا انجن |

(2)

| گروہ (الف) | گروہ (ب) |
|---|---|
| ۱) مارکو پولو | ۱) چین کا مشہور سیاح |
| ۲) ابن بطوطہ | ۲) مشہور فلسفی اور سیاح |
| ۳) بارتھولو میوڈائز | ۳) افریقہ کا کنارہ کی دریافت |
| ۴) کرسٹوفر کولمبس | ۴) امریکی جزائر کی دریافت |

(3)

| گروہ(الف) | گروہ(ب) |
|---|---|
| ۱)ٹوگولینڈ | جرمن نو آبادی |
| ۲)مصر | برٹش کالونی نو آبادی |
| ۳)آرینج فری اسٹیٹ | ڈچ نو آبادی |
| ۴)آئیوری کوسٹ | پرتگیز نو آبادی |

(4)

| گروہ(الف) | گروہ(ب) |
|---|---|
| ۱)پرتگال | ۱)واشنگٹن |
| ۲)اسپین | ۲) میکسیکو |
| ۳)انگلستان | ۳)ورجینیا |
| ۴)فرانس | ۴)اٹلی |

(5)

| گروہ(الف) | گروہ(ب) |
|---|---|
| ۱)لارڈ ہیسٹنگز | بھوٹان سے دوستانہ مراسم |
| ۲)لارڈ کرزن | نیپال پر حملہ |
| ۳)لیوپولڈ دوم | افریقی علاقے کانگو پر قبضہ |
| ۴)لارڈڈلہوزی | سکم کے علاقوں پر قبضہ |

(6)

| گروہ(الف) | گروہ(ب) |
| --- | --- |
| ۱)آرچ بشیب(آر بسیپو) | چیف اکزیکیٹیو آفسر |
| ۲)چانسلر | جج |
| ۳)ویڈ-دی-فنیزنڈہ | کمپنی کے علاقوں کا انچارج |
| کپتان | کیپٹن |

(7)

| گروہ(الف) | گروہ(ب) |
| --- | --- |
| ۱)پرتگیز | گوا |
| ۲)انگریز | سورت |
| ۳)ڈچ(لندیزی) | کالی کٹ |
| ۴)فرانسیسی | پانڈیچری |

(8)

| گروہ(الف) | گروہ(ب) |
| --- | --- |
| ۱۔ پرتگیز | کارٹاز کی فروخت |
| ۲۔ڈچ | گورنر جنرل کا تقرر |
| ۳۔انگریز | سورت(فونڈا) |
| ۴فرانسیسی | پانڈیچری چندر نگر ہے کاریکل فیکٹریوں کا قیام |

(9)

| گروہ(الف) | گروہ(ب) |
|---|---|
| ۱۔ کوسمے دی گارڈا | پرتگیز مورخ |
| ۲۔ گونسالومارٹینیز | پرتگیز ایلچی |
| ۳۔ فرانسیس مارٹن | چیف آف ڈچ فیکڑی |
| ۴۔ ہنری ریونگٹن | برطانوی افسر |

(10)

| گروہ(الف) | گروہ(ب) |
|---|---|
| ۱۔ تاریخی دستاویزات میں پرتگیز علاقے | فرنگان |
| ۲۔ گوا کا شمالی علاقہ | کوکن |
| ۳۔ کوسمی دا گارڈا کی مشہور تصنیف | وانڈے ڈی کیبلرے میوجی |
| ۴۔ 1649ء میں وینگرولا میں قائم فیکڑی | ڈچ ولندیزی |

(11)

| گروہ(الف) | گروہ(ب) |
|---|---|
| ۱۔ برہمو سماج | راجا رام موہن رائے |
| ۲۔ ستیہ شودھک سماج | مہاتما جیوتی باپھلے |
| ۳۔ پرم ہنس سبھا | مہارشی وٹھل رام جی شندے |
| ۴۔ رام کرشن مشن | سوامی وویکانند |

(12)

| گروہ(ب) | گروہ(الف) |
|---|---|
| لکھنؤ | ا۔ کنور سنگھ |
| کانپور | ۲۔ ناناصاحب پیشوا |
| جھانسی | ۳۔ رانی لکشمی بائی |
| کولھاپور | ۴۔ چیماصاحب |

(13)

| گروہ(ب) | گروہ(الف) |
|---|---|
| نواب | ا۔ جوناگڑھ |
| نظام | ۲۔ حیدرآباد |
| پرتگیز | ۳۔ گوا |
| راجاہری سنگھ | ۴۔ پدوچیری |

(14)

| گروپ(ب) | گروپ(الف) |
|---|---|
| ا)ووڈروولسن | ا)امریکہ |
| ۲)ونسٹن چرچل | ۲)انگلینڈ |
| ۳)ہٹلر | ۳)جرمنی |
| ۴)لن لتھکو | ۴)اٹلی |

(15)

| گروپ(الف) | گروپ(ب) |
|---|---|
| ۱)یورپی ممالک | ۱)سامراجیت کی مقابلہ آرائی |
| ۲)یورپ | ۲)جارحانہ قوم پرستی |
| ۳)بسمارک | ۳)سہ ملکی معاہدہ |
| ۴)۱۱ر نومبر ۱۹۱۸ء | ۴)پہلی عالمی جنگ کی شروعات |

(16)

| گروپ(الف) | گروپ(ب) |
|---|---|
| ۱)بینڈونگ | ۱)بینڈونگ کانفرنس |
| ۲)پیرس | ۲)۱۹۱۹ء میں پین افریقی کانگریس |
| ۳)لندن | ۳)۱۹۰۰ء میں افریقی ایسوسی ایشن کی پہلی کانفرنس |
| ۴)مانچسٹر | ۴)ایشین اتحاد کانفرنس |

(17)

| گروپ(الف) | گروپ(ب) |
|---|---|
| ۱)بیلجیم | ۱)کانگو |
| ۲)پرتگال | ۲)گھانا،انگولا |
| ۳)فرانس | ۳)صحارا سے آئیوری کوسٹ تک کا علاقہ |
| ۴)برطانیہ | ۴)ٹوگولینڈ |

(18)

| گروپ (الف) | گروپ (ب) |
|---|---|
| ۱)مالدیپ | ۱)نور محمد |
| ۲)برما دمیانمار | ۲)آنگ سین |
| ۳)ڈبلو۔ای۔بی۔ڈیو بو | ۳)افریقی اتحاد کا تصور |
| ۴)وڈرو ولسن | ۴)ٹرسٹی شپ کے موقع کے حامی |

(19)

| گروپ (الف) | گروپ (ب) |
|---|---|
| ۱)والٹر لپ مین | ۱)سرد جنگ |
| ۲)روس | ۲)بادشاہت |
| ۳)امریکہ | ۳)سرمایادارانہ نظام |
| ۴)ونسٹن چرچل | ۴)فولادی پردہ |

(20)

| گروپ (الف) | گروپ (ب) |
|---|---|
| ۱)دولت مشترکہ کا صدر دفتر | ۱)لندن |
| ۲)ناٹو کا صدر دفتر | ۲)پیرس |
| ۳)سیٹو کا صدر دفتر | ۳)تھائی لینڈ |
| ۴)سارک کا صدر دفتر | ۴) تھمپو(بھوٹان) |

(21)

| گروپ(ب) | گروپ(الف) |
|---|---|
| ۱)چھتیس گڑھ | ۱)مدھیہ پردیش |
| ۲)سیماچل | ۲)اترپردیش |
| ۳)جھارکھنڈ | ۳)بہار |
| ۴)تلنگانہ | ۴)آندھراپردیش |

(22)

| گروپ(ب) | گروپ(الف) |
|---|---|
| ۱)دیسی ٹیکنالوجی کا استعمال | ۱)میک ان انڈیا |
| ۲)سویڈن(۲۰۰۵) | ۲)انفارمیشن رائٹ ایکٹ |
| ۳)آرٹکل ۴۲۰ | ۳)ریاست جموں کشمیر |
| ۴)نوجوانوں کی تربیت کا ادارہ | ۴)نہرو یووامرکز سنگٹھن |

(23)

| گروپ(ب) | گروپ(الف) |
|---|---|
| ۱)انسانی حقوق کی حفاظت | ۱)قومی حقوقِ انسانی اور کمیشن |
| ۲)دہلی کی آلودگی کا مطالعہ | ۲)سینٹر فار سائنس اینڈ انوائر مینٹ |
| ۳) کچھوؤں کی حفاظت کرنے والا ادارہ | ۳)سی سکیب |
| ۴)ورثے سے متعلق حفاظت اور بیداری پیدا کرنے والا ادارہ | ۴)انٹیک |

**سوال نمبر ۲:(الف) گروہ سے تعلق نہ رکھنے والے الفاظ تلاش کیجیے۔**

**(یا) تاریخی مقامات اور شخصیات کا نام لکھیے۔**

۱۔ فلائنگ شٹل، اسپننگ جینی، کلر منٹ، اسپننگ مول

۲۔ انگلستان، فرانس، بیلجم، بھارت، جرمنی

۳۔ آبی توانائی کا استعمال

۴۔ بحری سفر اور جغرافیائی دریافتوں کی حوصلہ افزائی ملکہ۔۔۔۔۔۔نے کی۔

۵۔ وہ سلطنت جس کا سورج کبھی غروب نہیں ہوتا تھا۔

۶۔ سونا، چاندی، ہیرے اور کوئلہ جیسی معدنیات سے بھرے براعظم

۷۔ امریکہ کی آزادی کے لیے تھامسن جیفرسن کی تیار کردہ قرارداد

۸۔ بھارت کے شمال مشرق میں موجود بھارت کا پڑوسی دیش جو برہم دیش کے نام سے مشہور تھا۔

۹۔ نوآبادیاتی مالک: فرانس، بیلجیم، اٹلی، جرمنی، چین، اسپین

۱۰۔ جغرافیائی لحاظ سے برطانیہ کے قبضہ والے اہم علاقے

۱۱۔ امریکہ کے بعد انگلستان کی نوآبادیات

۱۲۔ ڈچ فیکٹریاں: وسئی، وینگرولا، پورٹونووا/ہرنگی پٹئی، تیگناپٹم، دیوپٹنم

۱۳۔ احمد شاہ ابدالی کے حملوں سے متاثر علاقے، دہلی، گجرات، متھرا، پنجاب، دہلی

۱۴۔ پہلا یورپی باشندہ جو بھارت آیا۔

۱۵۔ وہ جگہ جہاں پرتگیز اپنا گولہ بارود رکھتے تھے۔

۱۶۔ جیتا پور کا برطانوی ایجنٹ

۱۷۔ شیواجی مہاراج کا یورپی طاقتوں سے متعلق اظہار خیال

۱۸۔ سدیوں کا اصل وطن

۱۹۔ مراٹھا بحریہ کا سربراہ۔۔

۲۰۔ گوا آزادی کے خفیہ منصوبے کا نام۔

۲۱۔ پہلی عالمی جنگ میں انگلینڈ، روس، فرانس، اٹلی اور امریکہ سمیت دیگر ممالک کے گروپ کا نام

۲۲۔ پہلی عالمی جنگ میں جرمنی، آسٹریا، ہنگری، ترکی، بلغاریہ سمیت دیگر ممالک کے گروپ کا نام

۲۳۔ اڈولف ہٹلر کی تصنیف

۲۴۔ جرمنی کی جمہوری حکومت کا دستور

۲۵۔ امریکہ کے صدر روزویلٹ اور ونسٹن چرچل کا اعلان

۲۶۔ نو آبادیاتی نظام کے خاتمے کا سہرا اور کارنامہ انجام دینے والا ادارہ

۲۷۔ ۲۶/ جولائی ۱۹۶۵ء کو کولمبو معاہدے کے مطابق آزاد ہونے والا ملک

۲۸۔ برما اینڈیپینڈنس آرمی کے بانی

۲۹۔ ۱۹۵۵ء میں منعقد افریقی اور ایشیائی غلام ممالک کی کانفرنس

۳۰۔ سرد جنگ کا آغاز روسی وزیر اعظم کے دور میں ہوا تھا

۳۱۔ سرد جنگ کی وجہ بنے دو بڑے ممالک کے نظام

۳۲۔ یورپی ممالک کو روس کے اثر سے دور رکھنے کے لیے بنایا گیا امریکی منصوبہ

۳۳۔ دیوار برلن تعمیر کرنے والا ملک

۳۴۔ ۱۸۹۶ء میں بھارتی مزدوروں کا افریقہ میں کیا گیا کام

۳۵۔ سارک کا خیال پیش کرنے والے سربراہ

۳۶۔ ۱۹۰۴ء میں یہ سافٹ ویئر خدمات فراہم کرنے والی سب سے بڑی کمپنی (فرم) بن گئی

۳۷۔ ۲۰۰۲ء میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میٹرو ریلوے کو ہری جھنڈی دکھائی گئی

۳۸۔ ۱۲۳/۳ ممالک نے مل کر ایک تنظیم قائم کی

۳۹۔ ۲۰۰۸ء میں شروع کی گئی بھارت کی خلائی مہم

۴۰۔ تعلیم یافتہ بے روزگار نوجوانوں کے لیے ملازمت کے مواقع پیدا کرنے کے لیے حکومت ہند کا جاری کردہ منصوبہ

۴۱۔ ۱۹۹۹ء میں بھارت پاکستان کے درمیان جنگ کا اعلان

۴۲۔ کس کھلاڑی کو بھارت رتن ایوارڈ سے نوازاہ گیا

۴۳۔ گھریلو تشدد ایکٹ منظور ہوا

۴۴۔ ''تعلیم سب کے لیے'' پروگرام شروع کیا گیا

۴۵۔ بین الاقوامی خواندگی کا سال

۴۶۔ بھارت مشرقی ساحل پر موجود پرتگیزوں کی تجارتی کوٹھیاں

،ناگ پٹنم،ملاپور،ساوتوم،ہگلی،سورت

۴۷۔ بھارت کے مغربی ساحل پر پرتگیزوں کی تجارتی کوٹھیاں

،دیو،ماہے،دمن،چول،گوا

۴۸۔ پرتگیز انتظامیہ کے مختلف عہدے

،وائسرائے کیپتاون،جنرال آرسی ببیپو،ویڈور–دی-فیزنڈا،واسکو-ڈی- گاما

۴۹۔ ممبئی کی ٹکسال سے جاری سکّے

۵۰۔ فرانسیسی نو آبادیاتی علاقے

پانڈیچری، چندر نگر، ہگلی، ماہے، کاریکل

**(ب) دی گئی وجوہات میں سے مناسب وجہ چن کر جملے مکمل کیجیے۔**

ا۔ صلیبی جنگیں ناکام ہو گئیں کیونکہ۔۔۔

الف۔ یورپی ممالک میں آپس میں دشمنی موجود تھی۔

ب۔ پوپ اور یورپی حکمرانوں کے ذاتی مفادات کے لیے لڑی گئیں۔

ج۔ یورپی ممالک جنگ سے زیادہ تجارت پر توجہ دے رہے تھے۔

د۔ یورپی ممالک عربوں سے جنگ نہیں لڑنا چاہتے تھے۔

۲۔ چھاپہ خانہ کی ایجاد نشاۃ الثانیہ کے عہد کا ایک شاہکار تحفہ ہے کیونکہ۔۔۔

الف۔ اس سے عام لوگوں میں نئی نئی معلومات اور علم کو بڑھاوا دینے کی راہیں ہموار ہوئیں۔

ب۔ چھاپہ خانہ کی وجہ سے تجارت میں نئی نئی مشینیں ایجاد ہوئیں۔

ج۔ چھاپہ خانہ کی وجہ سے ترقی میں اضافہ ہوا۔

د۔ چھاپہ خانہ کی وجہ سے تعلیم اور اسکولیں عام ہوئیں۔

۳۔ جارج اسٹیفن سن نے بھاپ کے انجن کو پہلی مرتبہ سڑک کے ذرائع نقل و حمل میں استعمال کیا۔

الف۔ اس مشین کے ذریعے نئی نئی موٹر گاڑیاں تیار کی گئیں۔

ب۔ اس مشین کے ذریعے سڑکوں کے راستے سامان پہنچانا آسان ہوا۔

ج۔ اس کی وجہ سے سفر کی دقتیں اور وقت میں بے حد کمی آئی۔

د۔ بحری راستوں میں نقل و حمل آسان ہوا۔

۴۔ تاہیتی کے ایک جزیرے اور پھول کا نام بوگن ویلیا کے نام پر رکھا گیا۔

الف۔ بوگن ویلیا ایک مشہور نام ہے۔

ب۔ بوگن ویلیا وہ سائنس داں تھا جس نے تاہیتی کو دنیا بھر میں مشہور کر دیا۔

ج۔ بوگن ویلیا نے تاہیتی کا پہلا نقشہ پیش کیا۔

د۔ کیونکہ بوگن ویلیا ہی وہ جہاز راں تھا جو بحر الکاہل عبور کرتے ہوئے تاہیتی پہنچا تھا۔

۵۔ انگریز برما پر اپنا قبضہ چاہتے تھے کیونکہ۔۔۔

الف۔ وہ اپنی سلطنت کی توسیع کرنا چاہتے تھے۔

ب۔ یہاں کی بازار اور قدرتی دولت کے وسائل پر قبضہ کرنا ان کے لیے بہت ضروری تھا۔

ج۔ وہ یورپی ممالک سے نو آبادیوں کی مقابلہ آرائی میں آگے آنا چاہتے تھے۔

د۔ وہ برما کے راجا تھیبا کو سبق سکھانا چاہتے تھے۔

۶۔ پرتگالی جنوبی بھارت کے ساحلی علاقوں پر قابض ہو گئے کیونکہ۔۔۔

الف۔ انھوں نے جنوبی بھارت کے مختلف حکمرانوں کے درمیان کشیدہ تعلقات اور آپسی رنجشوں سے فائدہ اٹھایا۔

ب۔ انھوں نے سب سے پہلے یہ علاقے دریافت کیے تھے۔

ج۔ واسکوڈ گامانے کالی کٹ کے راجا سے اجازت لی تھی۔

د۔ پرتگالیوں کے پاس طاقتور بحری فوج تھی۔

۷۔ پرتگیزوں کی بحری طاقت بہت مضبوط تھی اس لیے۔۔۔

الف۔ وہ وسطی بھارت تک قابض ہو گئے۔

ب۔ بھارت کے مقامی حکمراں حربی صلاحیتوں اور طریقوں میں پرتگیزوں کا مقابلہ نہ کر سکے۔

ج۔ بھارت کے راجاوں نے ان کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھایا۔

د۔ وہ بحری فوج کی مدد سے ایشیاء کے علاقوں پر قابض ہو گئے۔

۸۔ پرتگیزوں نے گوا میں جہاز سازی کا مرکز بنایا تھا کیونکہ۔۔۔

الف۔ گوا میں میدانی اور ساحلی علاقے دستیاب تھے۔

ب۔ گوا میں جہاز سازی کے لیے ہنر مند مزدور میسر تھے۔

ج۔ گوا ایک پر فضا علاقہ تھا۔

د۔ انھیں یہاں ساگوان کی عمدہ لکڑی بڑے پیمانے پر دستیاب تھی۔

۹۔ ڈچوں نے کالی مرچ کی تجارت میں اجارہ داری حاصل کر لی کیونکہ۔۔۔

الف۔ وہ کالی مرچ زیادہ استعمال کرتے تھے۔

ب۔ انھوں نے کوچی کے بادشاہ کے ساتھ تجارتی معاہدہ کر لیا تھا۔

ج۔ کالی مرچ ان کی مرغوب غذائی اجزا میں شامل تھی۔

د۔ وہ کالی مرچ بڑے پیمانے پر فروخت کرتے تھے۔

۱۰۔ فرانسیسیوں اور انگریزوں نے کرناٹک کے سیاسی معاملات میں مداخلت شروع کر دی کیونکہ۔۔۔

الف۔ انھیں اس معاملہ میں جان بوجھ کر گھسیٹا گیا تھا۔

ب۔ وہ نواب کے لڑکوں میں دشمنی پیدا کرنا چاہتا تھا۔

ج۔ وہ کرناٹک میں اپنا قبضہ چاہتے تھے۔

د۔ نواب کے خاندان کے لوگ آپس میں تخت نشینی کی جنگ لڑ رہے تھے۔

۱۱۔ چھترپتی شیواجی مہاراج نے ایک مضبوط بحری فوج کا قیام کیا کیونکہ۔۔۔۔۔۔

الف۔ وہ غیر ملکیوں کے مقاصد اور دراندازی کا مقابلہ کرنا اور انھیں سبق سکھانا چاہتے تھے۔

ب۔ وہ ایک مضبوط بحری بیڑے کی فوج اہمیت سے واقف تھے۔

ج۔ وہ بحری بیڑے کو مراٹھا فوج کا لازمی حصہ سمجھتے تھے۔

د۔ انھیں اپنی سلطنت کا قیام اور وسعت کی ہر سطح پر کوشش کرنا تھی۔

۱۲۔ مراٹھوں نے فرانسیسیوں کے ساتھ دوستانہ روابط برقرار رکھے کیونکہ۔۔۔

الف۔ فرانسیسی مضبوط بحری طاقت رکھتے تھے۔

ب۔ فرانسیسیوں کا نمائندہ مراٹھوں کے دربار میں رہتا تھا۔

ج۔ فرانسیسی ایک عمدہ توپ خانہ رکھتے تھے۔

د۔ فرانسیسی مراٹھوں کو بڑا خراج ادا کرتے تھے۔

۱۳۔ مہاتما پھلے نے لڑکیوں کی تعلیم کی پرزور وکالت کی کیونکہ۔۔۔

الف۔ ان کے مطابق تعلیم ہی لڑکیوں کی نجات کا واحد راستہ ہے۔

ب۔ ان کے مطابق تعلیم یافتہ سماج ہی یورپ کا مقابلہ کرسکتا ہے۔

ج۔ وہ تعلیم کے زبردست حامی تھے۔

د۔ وہ پورے سماج کے واحد حل کے لیے کوشاں تھے۔

۱۴۔ اننت لکشمی کانھرے نے کلکٹر جیکسن کا قتل کر دیا۔۔۔۔

الف۔ وہ کلکٹر جیکسن کے ظلم کا بدلہ لینا چاہتا تھا۔

ب۔ وہ گنیش دامودر ساورکر کو دی گئی سزا کا بدلہ لینا چاہتا تھا۔

ج۔ وہ انقلابیوں کی جیل سے رہائی چاہتا تھا۔

د۔ وہ انقلابیوں کے لیے پیسے جمع کرنا چاہتا تھا۔

۱۵۔ پرتگیزوں نے ڈاکٹر منوہر لوہیا کو گوا سے باہر کر دیا کیونکہ۔۔۔

الف۔ وہ ڈاکٹر لوہیا کی سرگرمیوں سر ناراض تھے۔

ب۔ گوا میں ڈاکٹر لوہیا کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہی تھی۔

ج۔ وہ گوا میں امن باقی رکھنا چاہتے تھے۔

د۔ انھوں نے گوا کی آزادی کے لیے تحریک چلائی تھی۔

۱۶۔ جنگ کے بعد مجلس اقوام کا قیام عمل میں آیا

(الف) اتحادی ممالک دوسری عالمی جنگ کی تیاری کے لیے وقت چاہتے تھے

(ب) ملکوں کے بیچ نااتفاقی اور آپسی تنازعات کو بات چیت سے حل کرنے اور دنیا میں امن قائم کرنے کی غرض سے

(ج) ہارے ہوئے ممالک کی دوبارہ تعمیر کرنا تھا

(د) ہارے ہوئے ممالک سے جنگ کا ہرجانہ وصول کرنے کے لیے

۱۷۔ بھارت میں عالمی جنگ کے زمانے میں اناج کی قلت پیدا ہو گئی

(الف) بھارت میں قحط سالی تھی

(ب) بارش کی کمی کی وجہ سے

(ج) تجارتی فصلوں پر دھیان اور زور دینے کی وجہ سے

(د) بھارت سے بڑے پیمانے پر اناج انگلستان اور اتحادی ممالک کو بھیجا جاتا تھا

۱۸۔ مجلسِ اقوام نے تولیتی کونسل کا طریقہ اختیار کیا

(الف) مجلس اقوام ہارے ہوئے ممالک سے بدلہ لینا چاہتی تھی

(ب) مجلس اقوام پر فاتح ممالک کا قبضہ تھا

(ج) پہلی عالمی جنگ میں جرمنی اور ترکستان کو شکست ہو گئی اور ان کی نوآبادیات کے انتظام کی ذمہ داری

نوآبادیات کی مجلس اقوام کو سونپی گئی

(د) جرمنی کی نوآبادیات کو ضبط کرنے کے لیے

۱۹۔ اٹلی کو افریقہ میں اپنی نوآبادیات سے ہاتھ دھونا پڑا

(الف) اٹلی افریقی علاقوں کو سنبھال پانے میں ناکام

(ب) اٹلی میں خانہ جنگی شروع ہو گئی تھی

(ج) اٹلی کے تعلقات افریقہ سے خراب چل رہے تھے

(د) افریقہ میں برطانوی فوج نے اٹلی اور جرمنی کی مشترکہ فوج کو پیچھے ہٹنے پر مجبور کر دیا۔

۲۰۔ ”برلن تنازعہ“ کی وجہ

(الف) امریکہ کا ناگاساکی پر حملہ

(ب) جرمنی کا پولینڈ پر حملہ

(ج) جرمنی کو دوبارہ منظم کرنے کے منصوبے میں فرانس کی شمالیت

(د) ہٹلر کی خودکشی

۲۱۔ وزیراعظم راجیو گاندھی نے کامن ویلتھ گیمس کا بائیکاٹ کرنے کا فیصلہ کیا

(الف) برطانیہ نے جنوبی افریقہ میں نسلی بھید بھاؤ کی پالیسی کو تبدیل کرنے کا مطالبہ منظور نہیں کیا

(ب) کامن ویلتھ گیم میں بدعنوانی کی وجہ سے

(ج) کامن ویلتھ گیمس میں خراب کارکردگی کی وجہ سے

۲۲۔ بھارت نے نوجوانوں سے متعلق پالیسیاں اپنائیں، کیوں کہ۔۔۔۔۔۔

(الف) نوجوانانِ بھارت بیکار ہیں

(ب) نوجوانوں کی پیدائش زیادہ ہے

(ج) نوجوانانِ بھارت روزگار سے منسلک ہیں

(د) بھارت ایک ایسا ملک ہے جس میں نوجوانوں کا زیادہ سے زیادہ تناسب ہے

۲۳۔ بھارت بین الاقوامی تجارتی تنظیم کا ممبر بن گیا کیوں کہ۔۔۔۔۔۔

(الف) بھارت دیگر ممالک سے مقابلہ کرنا چاہتا تھا

(ب) بھارت عالمی معیشت سے دور نہیں رہ سکتا

(ج) بھارت نے کھلی تجارت کی پالیسی اپنائی

(د) بھارت عالمی سطح پر سرِ فہرست میں اول مقام پر رہنا چاہتا تھا

۲۴۔ ۲۰۰۱ء میں سروشکشا ابھیان شروع کیا گیا کیوں کہ۔۔۔۔۔۔


(الف) تعلیم کے گراف کو بلند کرنا تھا

(ب) پرائمری تعلیم کی سطح پر عدم مساوات ختم کرنا

(ج) ہندوستانیوں میں بیداری لانا

(د) غریبوں میں بیداری لانا

## سوال نمبر ۳: دیے گئے نقشے کا مشاہدہ کر کے اس پر مبنی سوالات کے جوابات لکھیے۔




۱) کولمبس نے اپنے سفر کا آغاز کس ملک سے کیا تھا؟

۲) کولمبس نے اپنے بحری سفر میں براعظم افریقہ کے کن جزائر پر پڑاؤ کیا تھا؟

۳) کولمبس نے اپنے بحری سفر کا اختتام امریکہ کے کن جزائر پر کیا تھا؟

۴) کولمبس براعظم امریکہ کے کس حصے میں پہنچا تھا؟

۵) نقشے کے مطابق کولمبس نے امریکی علاقوں کی سمت کل کتنے سفر کیے؟




۱)امریکی نو آبادی ورجینیا کے دو شہروں کے نام لکھیے۔

۲)بوسٹن شہر کس نو آبادی کا حصہ تھا؟

۳)جنوب میں موجود امریکی نو آبادی کا نام لکھیے۔،

۴)شمال میں موجود پہلی نو آبادی کا نام لکھیے۔

۵)مشرق میں موجود سمندر کا نام لکھیے۔





۱)براعظم افریقہ کے شمال مشرق میں موجود واحد تاریخی آزاد ملک کون سا ہے؟

۲)مصر کو برطانیہ سے کب آزادی ملی؟

۳)افریقہ کے جنوب مشرق میں موجود ملک کا نام لکھیے۔

۴) کیپ آف گڈ ہوپ کس ملک میں واقع ہے؟

۵)براعظم افریقہ کو کس سمت میں کیپ آف گڈ ہوپ واقع ہے؟





۱)براعظم ایشیا اور افریقہ کے درمیان موجود سمندر کا نام لکھیے۔

۲)سری لنکا کس ملک کی نو آبادی تھا؟

۳)ایشیا کے زیادہ ممالک کس دہائی میں آزاد ہوئے ؟

۴)ایشیا میں آخر میں آزاد کون سا ملک ہوا؟

۵)سری لنکا کب آزاد ہوا؟





۱)ڈچوں نے بھارت میں کب اور کہاں اپنی نو آبادیاں قائم کیں؟

۲)بحر الکاہل میں موجود ڈچوں کی دو نو آبادیوں کے نام لکھیے۔

۳)بحر ہند میں ڈچ نو آبادی کس ملک میں تھی؟

۴)جاپان کے کس شہر میں ڈچوں کی نو آبادی قائم تھی؟

۵)انڈونیشیا میں ڈچ نو آبادی کا نام لکھیے۔




۱) آسٹریا کے ولی عہد آرک ڈیوک فرڈی ننڈ جس ملک کی راجدھانی میں مارے گئے وہ آسٹریا کے کس سمت میں ہے ؟

۲) آسٹریا کے شمال مغرب میں واقع ملک کا نام لکھیے۔

۳) آسٹریا کے شمال میں واقع ملک کا نام لکھیے۔

۴) پہلی عالمی جنگ میں جرمنی کے ساتھ شامل ممالک کے نام لکھیے۔

۵) رومانیہ، بلغاریہ اور ترکی کی سرحدیں کس سمندر سے ملتی ہیں؟




۱) بھارت کے شمال مغربی سرحد پر واقع ملک کا نام لکھیے۔

۲) بھارت میں پرتگیز تسلط کے مرکز کا نام لکھیے۔

۳) بھارت کے مشرقی ساحل پر فرانسیسی علاقوں کے نام لکھیے۔

۴) بھارت کے جنوبی کنارے پر کون سی قوم رہتی ہے؟

۵) بھارت میں پرتگیزی علاقے کے نام لکھیے۔ س




۱)۱۸۵۷ کی بغاوت میں حصہ لینے والے تین شمالی علاقوں کے نام لکھیے۔

۲)بغاوت بنگلہ دیش کے کن علاقوں میں پھیلی؟

۳)موجودہ مہاراشٹر سے بغاوت میں شامل علاقوں کے نام لکھیے۔

۴)بھارت کے کن علاقوں میں بغاوت کا نمایاں اثر نظر آتا ہیں؟

۵)بھارت کے کن علاقوں میں بغاوت کا نمایاں اثر نظر نہیں آتا ہیں؟




۱) چھتیس گڑھ کس ریاست کا حصہ تھی؟

۲) چھتیس گڑھ کی راجدھانی کا نام لکھیے

۳) چھتیس گڑھ کہاں واقع ہے؟

۴) چھتیس گڑھ کی تشکیل کب عمل میں آئی؟

۵) چھتیس گڑھ کے مشرق میں کون سی ریاست ہے؟





۱) ریاست کشمیر کا محل وقوع لکھیے۔

۲) جموں کشمیر کی سرحدیں کن ممالک سے ملتی ہیں؟

۳) کشمیر کے کون سے علاقے چین کے قبضے میں ہیں؟

۴) کشمیر کے علاقے کا نام جو پاکستان کے قبضے میں ہے؟

۵) کشمیر کے امن کے لیے ہندوستان اور پاکستان کے درمیان عارضی سرحد کا نام لکھیے۔





۱) شمال میں مراٹھا سلطنت کس مقام تک وسیع تھی؟

۲) مشرق کے کون سے بڑے شہر پر مراٹھوں کا قبضہ تھا؟

۳) جنوب میں مراٹھوں کے قبضہ کی آخری حد لکھیے۔

۴) بھارت کے مغربی سرحد پر موجود مشہور بندرگاہوں کے نام لکھیے۔

۵) لاہور اور پنجاب کس سلطنت کے قبضے میں تھے؟




۱)میانمار کا پرانا نام کیا ہے؟

۲)میانمار کے جنوب میں موجود سمندر کا نام لکھیے۔

۳)میانمار کی مشرقی سرحدیں کس ملک سے ملتی ہیں؟

۴)میانمار کے جنوب میں بحیرۂ بنگال میں موجود بھارتی جزائر کے نام لکھیے۔

۵)میانمار کے مغرب میں موجود ممالک کے نام لکھیے۔




۱)نیپال کا جنوبی علاقہ کس ملک سے ملا ہوا ہے؟

۲)نیپال کے مشرق میں واقع ملک کا نام لکھیے۔

۳)نیپال کی شمالی سرحدیں کس ملک سے ملتی ہیں؟

۴)نیپام کی راجدھانی کا نام لکھیے۔

۵)نیپال کے جنوب مشرق میں موجود علاقہ کا نام لکھیے۔




۱) گوا کے مغرب میں کون سا سمندر واقع ہے؟

۲) گوا کے پڑوسی ریاستوں کے نام لکھیے۔

۳) گوا کو کب آزادی ملی؟

۴) گوا کتنے برسوں تک پرتگیزوں کے قبضے میں تھا؟

۵) گوا کی راجدھانی کا نام لکھیے۔





۱) بھارت کے مغربی ساحل پر موجود نو آبادیوں کے نام لکھیے۔

۲) جنوبی بھارت میں موجود فرانسیسی نو آبادیوں کے نام بتائیے۔

۳) پرتگیزوں نے بھارت کے کس ساحل پر اپنی نو آبادی قائم کی؟

۴) بھارت میں برطانوی نو آبادیوں کے بڑے مراکز کے نام لکھیے۔

۵) کولکاتہ کے نزدیک قائم نو آبادی کا نام لکھیے۔




۱) جوناگڑھ بھارت کی کس ریاست میں موجود ہے؟

۲) جوناگڑھ کے مغربی سمت میں موجود ملک کا نام لکھیے۔

۳) جوناگڑھ کے جنوب میں پرتگیز علاقے کا نام لکھیے۔

۴) نواب جوناگڑھ کو کس ملک میں شامل کرنا چاہتا تھا؟

۵) جوناگڑھ کے جنوب مغرب میں موجود سمندر کا نام لکھیے۔




۱) سری لنکا کے اطراف موجود سمندر کا نام لکھیے۔

۲) سری لنکا کب آزاد ہوا؟

۳) بھارت اور سری لنکا کے درمیان موجود خلیج کا نام لکھیے۔

۴) سری لنکا کے جنوب میں واقع شہر کا نام لکھیے۔

۵) سری لنکا کی راجدھانی کا نام لکھیے۔

**سوال نمبر ۴: دیے گئے تصوراتی خاکے کو مکمل کیجیے۔**

(۱)

منگو پارک

مارکو پولو

جغرافیائی دریافتیں

ایبل تسمان

جہاز راں ہنری

(۲)

جیمس واٹ

تھامس بیل

مشینوں اور ان کے موجد

رابرٹ فلٹن

جارج اسٹیفن سن

(۳)

نو آبادیاتی نظام کے عروج کی وجوہات

(۴)

امریکہ کے بعد انگلستان کی دیگر نو آبادیات

(۵)

ایشیاء میں بھارت کے علاوہ دیگر برطانوی نو آبادیاتی علاقے

(٦)

وڈالا

ممبئی

ممبئی کے جزائر

مجگاوں

(٧)

ناگ پٹنم

بھارت میں ڈچوں کے ذریعے کردہ قلعے

(٨)

بھارت میں موجود فرانسیسی تجارتی مراکز

سورت

(۹)

پہلی عالمی جنگ میں شامل اتحادی ممالک

(۱۰)

پہلی عالمی جنگ میں شامل محوری طاقتیں

(۱۱)

نئی ریاستیں تشکیل پائیں

(۱۲)

حکومتِ ہند نے چار میگا شہر کا نیٹ ورک بنانے کے پروگرام کا آغاز ۱۹۹۸ء میں

(۱۳)

سافٹ ویئر کے شعبے میں بھارت کے بڑھتے ہوئے عوامل

(۱۴)

کھیل ایوارڈ (خطاب)

(۱۵)

آچاریہ رام مورتی کمیٹی

(۱۶)

تعلیم سب کے لیے

(۱۷)

سیاحت سے فروغ پانے والے روزگار

(۱۸)

IPL کی چار ٹیمیں

(۱۹)

فرانس کے قبضے سے آزاد ہونے والی نو آبادیات

(۲۰)

جنوبی افریقہ کے تشکیل کے علاقے

(۲۱)

سری لنکا کی برطانوی تجارتی اشیا

(۲۲)

| | | |
|---|---|---|
| | | سری لنکا |
| بھوٹان | سارک کے ابتدائی ممبر ممالک | |
| | پاکستان | |

(۲۳)

سپر پاور امریکہ کے ذریعے کیے گئے معاہدے

(۲۴)

حکومت ہند کا دیسی تکنالوجی (میک ان انڈیا)

شعبہ کھیل کے انعامات

**سوال نمبر ۵: نوٹ لکھیے۔**

۱) صلیبی جنگیں۔ ۲) یورپ میں دھات کے کام ۔ ۳) نشاۃ الثانیہ۔

۴) امریکی جنگ آزادی۔ ۵) ایشیا کی ڈچ نو آبادیات۔ ۶) برطانوی ایسٹ انڈیا کمپنی۔

۷) راما سوامی نائیکر۔ ۸) راجا رام موہن رائے۔ ۹) مہارشی وٹھل رام جی شندے۔

۱۰) آزاد ہند فوج۔ ۱۱) عبوری حکومت (پارتی سرکار)۔ ۱۲) غدر تنظیم۔

۱۳) مجلس اقوام۔ ۱۴) ووڈرو ولسن کے چودہ نکات۔ ۱۵) فاشزم (فسطائیت)

۱۶) براعظم ایشیا میں سامراجیت ۱۷) انزوس ANZUS ۱۸) دولت مشترکہ

۱۹) دیتانت Detente ۲۰) پردھان منتری روزگار یوجنا ۲۱) پردھان منتری گرام سڑک یوجنا

۲۲) اسپیڈ پوسٹ ۲۳) نوجوانوں سے متعلق حکومت ہند کی پالیسیاں ۲۴) اسٹوڈ ا انڈیا

**سوال نمبر ۶: دیے گئے بیانات کی وجوہات بیان کیجیے۔**

۱) صنعتی انقلاب کا آغاز انگلستان میں ہوا۔

۲) پیداوار کے نرخ طے کرنا سرمایہ دارانہ معیشت کی اہم خصوصیت تھی۔

۳) صنعتی انقلاب نے نو آبادیاتی نظام کے قیام کی رفتار کو بڑھا دیا۔

۴) یورپی ممالک نے امریکہ میں اپنی نو آبادیات قائم کی۔

۵) انگریزوں نے نیپال کی برتری تسلیم کی۔

۶) بھارتی حکمرانوں کو کارتاز حاصل کرنا پڑے۔

۷) چھترپتی شیواجی نے پرتگیزوں کو سبق سکھانے کا فیصلہ کیا۔

۸) کملابائی چٹوپادھیائے خواتین کے مسائل پر ساری زندگی سرگرم تھی۔

۹) ناندیڑ میں ہنساجی کی بغاوت کا خاتمہ ہو گیا۔

۱۰) ونائیک دامودر ساورکر کو سزائے کالاپانی (انڈومان) روانہ کر دیا گیا۔

۱۱) مسئلہ کشمیر ایک عالمی مسئلہ بن گیا۔

۱۲) پدوچیری کو مرکز کے زیرانتظام علاقے کا درجہ عطا کیا گیا۔

۱۳) ریاست حیدرآباد کا بھارت میں الحاق ہو گیا۔

۱۴) جرمنی نے ناجنگ معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے روس پر حملہ کیا۔

۱۵) ہٹلر جمہوریت کا سخت مخالف تھا۔

۱۶) انگریز اور میانمار کے مابین تین جنگیں لڑی گئی۔

۱۷) بغداد معاہدہ کا نام بدل کر سینٹو کر دیا گیا۔

۱۸) سارک تنظیم کو کسی حد تک کامیابی حاصل ہوئی۔

۱۹) بھارت نے ناوابستہ تحریک کی حمایت کی۔

۲۰) بھارت عالمی معیشت میں داخل ہو گیا ہے۔

۲۱) حکومت مہاراشٹر نے بال بھارتی ادارہ قائم کیا۔

۲۲)ہندوستان کو دونوں عالمی جنگوں میں شامل ہونا پڑا۔

۲۳)معاہدہ ورسیلز دوسری عالمی جنگ کا آغاز ثابت ہوا۔

۲۴)انگریزی حکومت نے نیل کی کاشت کی سختی پر پابندی عائد کی۔

**سوال نمبر ۷: اپنی رائے لکھیے۔**

۱)۱۷ویں صدی کے یورپی طبعی سائنسدانوں نے جدید سائنس کی بنیاد ڈالی۔

۲)یورپی ممالک نے افریقہ کے علاقوں کی آپسی تقسیم کے امکانات پر غور کیا۔

۳)پرتگیزوں سے جنگ بھارتی حکمرانوں کے لیے مشکل اور پریشانی کا سبب ہوئی۔

۴)چھترپتی شیواجی نے بحری بیڑہ تیار کیا۔

۵)مراٹھوں نے نوآبادیات کی مخالفت کی پالیسی اختیار کی۔

۶)تارابائی شندے کے مضمون مساوات مرد و زن پر اپنی رائے دیں۔

۷)دنیا میں نوآبادیات کا عروج یورپی تجارت میں ہوئی زبردست توسیع کا نتیجہ تھا۔

۸)۱۸۵۷کی جنگ آزادی وی۔ڈی۔ساورکر کی رائے میں پہلی جنگ آزادی تھی۔

۹)اعتدال پسند گروہ اور انتہا پسند گروہ کے درمیان کشمکش کو بیان کیجئے۔

۱۰)ریاست حیدرآباد میں آندھرا، کرناٹک، مہاراشٹر پریشد کا قیام عمل میں آیا۔

۱۱)پرتگیزوں نے بھارتی فوج کے آگے ہتھیار ڈال دیے۔

۱۲)بھارتی عوام نے بڑی تعداد میں قومی تحریک میں حصہ لیا۔

۱۳)پہلی عالمی جنگ کے بعد نوآبادیاتی نظام کا خاتمہ مجلس اقوام کی وجہ سے ممکن ہوا۔

۱۴)دوسری عالمی جنگ کے خاتمے نے ترک نوآبادیاتی عمل کی رفتار تیز کی۔

۱۷) امریکہ اور روس کے مابین سرد جنگ کا آغاز ہوا۔

۱۸) بھارت نے ہمیشہ نو آبادیات پسندی کی مخالفت کی۔

۱۹) بھارت نے اقوام متحدہ میں افریقہ کی حمایت کی۔

۲۰) حکومت ہند نے نوجوانوں کی تربیت سے متعلق منصوبے جاری کیے۔

۲۱) بھارت خلائی تحقیق کے میدان میں ایک سرکردہ ملک ہے۔

۲۲) ہم سب کو سیاحتی مقامات کا خیال رکھنا چاہیے۔

۲۳) ۲۰ویں صدی کا آغاز براعظم ایشیا کی آزادی کے لیے موافق ثابت ہوا۔

۲۴) صنعتی انقلاب کے بعد یورپ میں معاشی قوم پرستی اور سامراجیت کو فروغ حاصل ہوا۔

**سوال نمبر ۸: درج ذیل سوالات کے مفصل جواب لکھیے۔**

۱) صلیبی جنگوں کی وجوہات اور اثرات بیان کیجیے۔

۲) یورپ میں نشاۃ الثانیہ کا دورانیہ بیان کیجیے۔

۳) پرتگیزوں نے اپنی نو آبادیاں کہاں قائم کیں۔

۴) ڈچ حکومت نے یونائیٹیڈ ایسٹ انڈیا کمپنی کو کون سے اختیارات عطا کیے۔

۵) مراٹھوں نے ڈچ فیکٹریوں کے تحفظ کو کس طرح یقینی بنایا۔

۶) مراٹھوں اور فرانسیسیوں کے درمیان تعلقات کا جائزہ لیجیے۔

۷) ڈاکٹر امبیڈکر کے کارہائے نمایاں بیان کیجیے۔

۸) مہاراجہ سیاجی راؤ گائیکواڑ نے اپنی ریاست میں تعلیم کی ترقی کے لیے کیا کوششیں کیں۔

۹) سر سید احمد خان کے کارہائے نمایاں بیان کیجیے۔

۱۰)رابندر ناتھ ٹیگور نے سر کا خطاب واپس کر دیا۔

۱۱)۱۸۵۷کی بغاوت کے بعد ملکہ برطانیہ کے اعلان نامے کے بارے میں لکھیے۔

۱۲)پدوچیری کی آزادی کی جد و جہد بیان کیجئے۔

۱۳)گوا کی آزادی میں مہاراشٹر کے لوگوں کا کردار بیان کیجئے۔

۱۴)۱۹۸۵میں ڈھاکہ میں سارک کا قیام عمل میں آیا۔

۱۵)بھارتی حکومت نے دفاعی امور میں جدید کاری کی کیا کوششیں کیں۔

۱۶)شہری ترقیاتی منصوبے کے تحت کون سے کام کیے گئے۔

۱۷)بین الاقوامی تجارتی تنظیم کے قیام سے متعلق معلومات لکھیے۔

۱۸)حکومت ہند کی کھیل کی پالیسی کو واضح کیجیے۔

۱۹)بھارت کی آزادی میں گاندھی جی کا کردار بیان کیجئے۔

**سوال نمبر۹:دیے گئے نکات کی مدد سے مفصل جواب لکھیے۔**

۱)نشاۃ الثانیہ کے زمانے میں یورپ میں مذہبی،سماجی و سائنسی ترقی کے بارے میں معلومات لکھیے۔

الف)رومن کلیسا　　ب)جدید سائنس　　ج)ادب

۲)براعظم افریقہ اور ایشیا کے سمندری راستے کی تلاش میں ملاحوں کے کارنامے بیان کیجیے۔

الف)بارتھولومیوڈائس　　ب)کرسٹوفر کولمبس　　ج)واسکوڈی گاما

۳)ہندوستان میں برطانوی نو آبادیات کا قیام اور توسیع کے بارے میں معلومات لکھیے۔

الف)ایسٹ انڈیا کمپنی کا قیام اور بھارت میں آمد۔　　ب)کمپنی کے بھارتی مراکز

ج)تجارتی اشیا اور انتظامی ادارے

۴)پانی پت کی جنگوں کے بارے میں معلومات لکھیے۔

الف)پانی پت کی پہلی جنگ۔ ۲)پانی پت کی دوسری جنگ۔ ۳)پانی پت کی تیسری جنگ۔

۵)سماجی اصلاحی تحریکوں کے متعلق معلومات لکھیے۔

الف)رام کرشن مشن۔ ب)پراتھنا سماج۔ ج)ستیہ شودھک سماج۔

۶)بھارت کی آزادی کی جدوجہد میں مسلح انقلابیوں کا کردار بیان کیجئے۔

الف) مسلح انقلاب کا دور۔ ب)ہندوستان سوشلسٹ ری پبلکن ایسوسی ایشن کا قیام ج)مقاصد

۷)حیدر آباد آزادی کی تحریک کے بارے میں بیان کیجئے۔

الف)حیدرآباد آزادی کی مختلف تنظیمیں۔ ب)سوامی رامانند کا کردار ج)نظام کا کردار

۸)بھارت میں نوآبادیاتی نظام کے اختتام اور سیاسی اتحاد کے بارے میں لکھیے۔

الف)نوآبادیاتی نظام کے اختتام ب)سیاسی اتحاد ج)سردار ولبھ بھائی پٹیل کا کردار

۹)پہلی عالمی جنگ کی معلومات فراہم کیجئے۔

الف)پہلی عالمی جنگ کی وجوہات ب)فوری وجہ ج) مجلس اقوام کا قیام

۱۰)براعظم افریقہ میں نوآبادیاتی نظام کے اختتام اور افریقی اتحاد کے بارے میں لکھیے۔

الف)نوآبادیاتی نظام کے اختتام ب)باڈونگ کانفرنس ج)افریقی اتحاد کا تصور

۱۱)دوسری عالمی جنگ کے بعد دنیا میں گروہ بندیاں جاری رہیں۔

الف)ناٹو معاہدہ ب)سیٹو معاہدہ ج)وارسا معاہدہ

۱۲)نئی ریاستوں کی تشکیل کی معلومات فراہم کیجیے۔

الف)چھتیس گڑھ ب)اترا کھنڈ ج)تلنگانہ

۱۳) حق معلومات ایکٹ ۲۰۰۵ کے متعلق معلومات لکھیے۔

الف) ایکٹ کا پس منظر ب) حق معلومات کی تعریف ج) شہریوں کے حقوق

۱۴) حکومت ہند نے آلودگی کے تدراک کے لیے کوششیں کیں۔

الف) فضائی آلودگی ب) CNG کا استعمال ج) پانی کی آلودگی

۱۵) ۱۸۵۷ کی جنگ آزادی کے متعلق معلومات لکھیے۔

الف) وجوہات ب) پیش قدمی ج) اثرات و نتائج

۱۶) یورپ میں سائنس کی ترقی۔

الف) سائنسی ادارے ب) سائنسی ایجادات ج) دھات کاری

۱۷) براعظم ایشیا میں نوآبادیاتی نظام کے اختتام کے بارے میں لکھیے۔

الف) نوآبادی نظام کا خاتمہ ب) اٹلانٹک چارٹر ج) عالمی جنگوں کے بعد کے حالات

۱۸) انڈین نیشنل کانگریس کی تفصیل بیان کیجئے۔

الف) انڈین نیشنل کانگریس کا قیام ب) اعتدال پسند گروہ ج) انتہا پسند گروہ

۱۹) بھارت میں ہونے والی جد و جہد آزادی اور بغاوتیں۔

الف) بھیلوں کی بغاوت ب) پائیکو کی بغاوت ج) راموشیوں کی بغاوت